اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۔ عَسٰۤى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل قادیان دارالامان

THE DAILY ALFAZL QADIAN.

ٹیلیفون نمبر ۹۱

شرح چندہ — سالانہ ۔ ششماہی ۔ سہ ماہی ۔ بیرون ہند سالانہ

قیمت ایک آنہ

رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۳۵

ایڈیٹر غلام نبی

تار کا پتہ الفضل قادیان

یوم شنبہ

جلد ۲۸ | یکم محرم ۱۳۵۹ھ | ۱۰ ماہ تبلیغ ۱۳۱۹ ہش | ۱۰ فروری ۱۹۴۰ء | نمبر ۳۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم — نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ — ھُوَ النَّاصِرُ

مَنْ اَنْصَارِیْ اِلَی اللّٰہِ

رقم فرمودہ حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

دوستوں کو معلوم ہے۔ کہ سال ششم کے وعدوں کے لکھوانے کی مدت قریب الاختتام ہے۔ یہ سال دس سالہ تحریک کے نصف آخر کا پہلا سال ہے۔ اس لئے خاص اہمیت رکھتا ہے۔ اور احباب کو چاہیئے۔ کہ اس وقت کی نزاکت کو محسوس کرتے ہوئے خاص توجہ سے نئے وعدے کرنے اور سابق وعدوں کو پورا کرنے کی طرف توجہ کریں۔ احباب کو یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ :-

۱۔ آپ لوگوں نے خلافت جوبلی کی تقریب منا کر اور احمدیہ جھنڈے کی تجویز کر کے خدمتِ اسلام کا ایک نیا عہد کیا ہے۔ جو آپ کے مونہہ نے کہا۔ آپ کا عمل اس کے مطابق۔ بلکہ اس سے بڑھ کر ہونا چاہیئے:۔

۲۔ دُنیا اس وقت ایک خطرناک جنگ میں مبتلا ہے۔ جس کے اسباب مادی ہیں۔ ایک مومن کو ان لوگوں کی قربانیوں کو دیکھ کر غیرت میں آنا چاہیئے۔ اور اُن سے بڑھ قربانیوں کا نمونہ دکھانا چاہیئے:۔

۳۔ مومن کا قدم کبھی پیچھے نہیں پڑتا۔ بلکہ آگے پڑتا ہے۔ ہر وہ شخص جس نے تحریک جدید میں حصہ لیا۔ اس کا ایمان اس سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس سے زیادہ وعدہ کرے اور زیادہ عمدگی سے ادا کرے۔ اور جس نے پہلے وعدہ نہیں کیا۔ یا ادا نہیں کیا۔ اس کا ایمان تقاضا کرتا ہے۔ کہ وہ اب وعدہ کرے۔ یا پہلے وعدہ کو جلد سے جلد پورا کرے

۴۔ احباب کو یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ وہ اس تحریک میں حصہ لے کر اشاعتِ اسلام کی مستقل عمارت کی بُنیاد رکھتے ہیں۔ اور جو خدا کے لئے گھر بناتا ہے اللہ تعالےٰ اس کے لئے دُنیا اور آخرت میں گھر بناتا ہے:۔

۵۔ ہماری اولادیں، خدا انہیں نیک کرے، ہو سکتا ہے۔ کہ ہمارے لئے بُری یادگار ہوں۔ لیکن یہ یادگار وہ ہے۔ کہ ہمیشہ ثواب اور عزت کا موجب ہوگی۔ اور بعید نہیں۔ کہ اس یادگار کے طفیل اللہ تعالےٰ ہماری اولادوں کو بھی نیک ہی رکھے:۔

۶۔ پس اے دوستو! مرنے سے پہلے اور وقت کے ہاتھ سے نکل جانے سے پہلے اس تحریک میں حصہ لے لو۔ کہ اس امت پر یہ دن پھر نہ آئیں گے۔

۷۔ آج خدا تعالےٰ کی رحمت کے دروازے کھلے ہیں۔ کل خدا جانے کیا حال ہوگا؟ پس ہمت کرو۔ اور اس عظیم الشان تحریک میں ہمت سے بڑھ کر حصہ لیکر ثواب دارین حاصل کرو:۔

۸۔ یہ نہ انتظار کرو۔ کہ دوسرے آگے بڑھیں۔ تو قدم اٹھاؤ گے۔ اگر آپ کے عہدہ دار سست ہیں۔ تو خود ہی وعدہ لکھ کر بھجوا دیں۔ بلکہ دوسروں کو بھی تحریک کریں۔ تا کہ دوسروں کے ثواب میں بھی حصہ دار ہو جائیں:۔

۹۔ تحریک جدید کے عہدہ داروں کو اپنی ذمہ واری کا احساس چاہیئے۔ کہ اپنی زندگی کے ایام میں سے ان چند ایام کو تو خدا تعالےٰ کیلئے وقف کر دیا

۱۰۔ یاد رہے۔ کہ وعدہ لکھوانے کی آخری مدت ہندوستان کے لئے ۱۵ فروری ہے۔ اور وعدہ ڈاک میں ڈالنے کی آخری مدت ۱۶ فروری ہے:۔

اللہ تعالےٰ آپ کے ساتھ ہو:۔ والسلام:۔

خاکسار: مرزا محمود احمد

بنگال میں تبلیغ

سائیکل پر ۱۰۰ میل کا تبلیغی دورہ

خدا تعالےٰ کے فضل و کرم سے قریباً ۵ ماہ سے قریشی محمد حنیف صاحب قمر آنریری مبلغ ہمارے ضلع بانکوڑا میں پیغام احمدیت پہنچا رہے ہیں۔ پہلی بار اگست ۳۹ء میں شہر بانکوڑا میں سائیکل پر پہنچے۔ اور تین ماہ تک شہر اور نواح میں تبلیغی کام کیا۔ اور جماعت کے احباب کو بھی تبلیغی ٹریننگ دی۔

۷ نومبر کو واپس اڑیسہ چلے گئے۔ جہاں ایک ماہ بیمار رہے۔ پھر بذریعہ ٹرین معہ اپنے دس سالہ بیٹے قریشی محمد سعید کے ۲۳ دسمبر کو بانکوڑا پہنچ کر تبلیغی کام میں مصروف ہو گئے۔ اور سائیکل پر اپنے بہت سے تبلیغی سامان کو لے کر اور بچہ کو بٹھا کر مندرجہ ذیل ۲۶ دیہات کا دورہ کیا۔

بکنا - کہ باگھاٹ - لوبندا - بیل بنی - بونوگرام - بلیا تو ڑ - جھنٹا ٹی - بڑکوڑا - دولہ ڈانگہ - باندرکودا - مہر ہاٹی - سونا کھی - چاندائی - مالس ڈانگہ پرگنہ تاج پور - مان گرام - آشوڑیہ - لنگر ڈانگہ - نوڑا - باگ تیجا - ششبر ساڑا - کمنہ پورہ - آئینہ - دیولاباد - ادیر بندا -

ایک مباحثہ اور ۵ تقریریں کیں۔ اور ۴۲۲ اشتہارات بانٹے۔ موضع چاندائی میں جہاں صرف ایک احمدی محمد سلیمان صاحب مدرس رہتے ہیں۔ ۱۵ دن درس قرآن کریم دیتے رہے۔ قریباً ۱۵ آدمی درس میں شامل ہوتے رہے۔

قریشی صاحب کے بچہ کا قرآن کریم تلاوت کرنا۔ اردو کی نظمیں پڑھنا۔ اور نماز پنج گانہ ادا کرنا دیکھ کر مسلمانوں نے اچھا اثر لیا۔ تعلیم اور ٹریننگ کے لئے یہ بچہ بہت خوشی سے سفر کر رہا ہے۔ ۳۰ جنوری کو بفضل خدا بخیریت بانکوڑا پہنچ گئے۔ میرے چھوٹے بھائی ڈاکٹر محمد موسیٰ صاحب نے بھی ۳۰ میل سفر ان کے ساتھ کر کے تبلیغی کام کیا۔ جزاہم اللہ تعالےٰ۔ قریشی صاحب معہ اپنے بچہ کے سائیکل پر ہی اب آگے آودرا - آسنسول کی طرف سفر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ احباب ان کے سفر کی کامیابی کے لئے دعا فرماتے رہیں۔

خاکسار: محمد احمدی پریذیڈنٹ جماعت احمدیہ بانکوڑا بنگال۔

ایک عیسائی سوسائٹی میں احمدیت کا ذکر

نئی دہلی میں ایک عیسائی سوسائٹی ہے لڑائی سے قبل اس سوسائٹی نے ملک احمد حسین صاحب کو لیکچر دینے کے لئے مدعو کیا تھا۔ اور ملک صاحب نے ہندوستانی کیننیا ہیج کے موضوع پر تقریر کرتے ہوئے مختلف مذاہب کا جو ہندوستان میں ہیں ذکر کیا۔ اور اسی سلسلہ میں کہا ہمارے نزدیک حضرت مسیح آسمان پر نہیں گئے بلکہ کشمیر محلہ خان یار میں دفن ہیں۔ اس پر سوالات بھی کئے گئے جن کے مناسب جواب ملک صاحب نے دیئے۔ تقریباً ۲۵ یورپین معززین حاضر تھے اور چند ایک انڈین بھی اس سوسائٹی کے پریذیڈنٹ مسٹر براڈ گورنمنٹ انگلشیہ کے تجارتی کمشنر ہیں۔ اس تقریر کی دوسری قسط ۳۰ جنوری کو ملک صاحب نے بیان کی۔ جس میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کا ذکر کیا۔ حاضرین جن کی تعداد ۲۲ یورپین ۳ ہندوستانی اور ایک فریق بہت متاثر ہوئے

خطبہ نمبر کے خریداران کو وی پی ہونگے

ذیل میں خطبہ نمبر کے ان خریداروں کے اسمائے گرامی درج ہیں۔ جن کا چندہ ختم ہو چکا ہے۔ ان احباب سے گذارش ہے۔ کہ وہ اپنا اپنا چندہ ۱۵ فروری سے قبل ارسال فرمادیں۔ جو دوست چندہ ارسال نہ فرمائیں گے۔ ان کے نام فروری کے تیسرے ہفتہ میں شائع ہونے والا خطبہ نمبر وی پی ارسال ہوگا۔ احباب ان کو وصول کرنے کے لئے تیار رہیں۔

(مینیجر)

- ۶ عمرالدین صاحب
- ۱۳ ملک عبد الغنی صاحب
- ۷۴ - محمد صدیق "
- ۷۸ - مولوی نبی بخش "
- ۸۰ - مسری کرشنا "
- ۱۳۲ - محمد وزیر علی "
- ۲۸۰ - چوہدری رحمت خان "
- ۳۰۴ عبد المجید
- ۳۹۳ خواجہ جمال الدین "
- ۴۱۶ حشمت علی "
- ۴۷۲ چوہدری محمد طفیل "
- ۴۷۸ منشی نذیر الدین "
- ۴۸۱ - ایس ایم حبیب "
- ۴۸۸ - اللہ دتہ "
- ۵۱۴ - محمد خورشید عالم "
- ۵۵۴ - غلام علی "
- ۵۶۱ - ابوالقاسم "
- ۶۰۷ چوہدری عبد الستار "
- ۶۲۱ عبد الرحمٰن "
- ۶۳۷ - عبد الماجد "
- ۶۴۲ چوہدری ولی داد "
- ۶۵۴ محمد عرفان "
- ۶۵۸ انڈین سپورٹس کلب
- ۶۶۳ مستری محمد حسین صاحب
- ۶۷۰ سید محمود احمد "
- ۶۷۱ سید امیر احمد "
- ۶۸۱ شفاء اللہ "
- ۶۸۶ ایم محمد "
- ۶۸۷ مریم خاتون صاحبہ
- ۶۹۵ ڈاکٹر عبد الحق صاحب
- ۷۰۵ غلام اللہ خان "
- ۷۰۷ ایم آئی قریشی "
- ۷۱۷ چوہدری محمد الدین صاحب
- ۷۲۲ مسٹر شاہ نواز خان "
- ۷۲۵ فضل کریم "
- ۷۳۳ پیر عبد الرحمٰن "
- ۷۳۶ چوہدری عبد السلام "
- ۷۳۷ " حسن محمد "
- ۷۳۹ ماسٹر فتح الدین "
- ۷۴۱ چوہدری شمشاد علی "
- ۷۴۴ عبد الحمید "
- ۷۴۶ عطاء الرحمٰن "
- ۷۴۸ مرزا محمد صدیق "
- ۷۵۷ چوہدری عزیز الرحمٰن "
- ۷۶۱ " شریف احمد "
- ۷۶۴ منشی شہاب الدین "
- ۷۷۳ محمد اشرف صاحب
- ۷۷۵ شیخ غلام رسول "
- ۷۷۶ محمد عبد اللہ "
- ۷۸۵ - ابوالحفیظ چوہدری شاہ محمد صاحب
- ۷۸۸ - منشی غلام محمد صاحب
- ۷۹۸ - حافظ عبد العزیز "
- ۸۰۸ چوہدری عبد اللہ خان "
- ۸۰۹ - ملک فضل الحق "
- ۸۱۳ سیٹھ عبد الرسول "
- ۸۲۰ خواجہ ظہور الدین "
- ۸۲۱ میر عطاء اللہ "
- ۸۳۶ - بابو محمد ابراہیم "
- ۸۳۷ - سردار احمد "
- ۸۴۳ چوہدری غلام رسول "
- ۸۴۴ شیخ محمد ظہور الدین "
- ۸۴۵ مسٹر طفیل محمد "
- ۸۴۸ عبد الرحمٰن "
- ۸۵۲ مرزا محمد یوسف "
- ۸۶۲ علی محمد "
- ۸۹۲ محمد حیات خان "
- ۸۹۴ سبحان علی "

پریذیڈنٹ صاحب نے درخواست کی۔ کہ وہ اپنی تقریر کا بقیہ حصہ پھر بیان کریں۔ جس کے لئے ۶ فروری کی تاریخ رکھی گئی۔
(خاکسار: عبد الحی از نئی دہلی)

آئندہ سال ۴۲-۱۹۴۱ء کے بجٹوں کی تشخیص فوراً کی جائے

نظارت بیت المال کی طرف سے آئندہ سال کے بجٹوں کی تشخیص کے لئے جماعتوں کو تشخیص فارم بھجوائے گئے ہیں۔ عہدیداران و پریذیڈنٹ صاحبان براہ مہربانی اپنی اپنی جماعتوں کے بجٹ فوراً تشخیص کر کے بھجوا دیں۔ تاکہ مجلس مشاورت کے لئے جو بجٹ عنقریب چھپنے والا ہے۔ اس میں جماعتوں کے بجٹ نئی تشخیص کے مطابق درج ہو سکیں۔

ناظر بیت المال قادیان

ہندوستان اور ممالک غیر کی خبریں!

آج مرکزی اسمبلی میں دریافت کیا گیا کہ جنگ کے سلسلہ میں جو بورڈ آف سپلائی قائم کیا گیا ہے۔ وہ کیا کرتا ہے۔ آنریبل سر ظفر اللہ خان صاحب نے کہا۔ کہ جنگ کے سلسلہ میں جن چیزوں کی ضرورت ہے ان کے حصول کے لئے مختلف صنعتوں کو ترقی دینے اور ان کی راہ میں جو رکاوٹیں ہیں ان کو دور کرنے کی کوششیں کی جاتی ہیں کوشش کی جا رہی ہے کہ نئی قسم کا فولاد خاردار تار اور تانبا بھی یہیں تیار کیا جائے لڑائی کے زمانہ میں صنعتوں کو ترقی دینے کے لئے جن آدمیوں کی ضرورت ہوتی ہے انہیں مہیا کرنے میں بھی بورڈ کارخانوں کی مدد کرتا ہے۔ اسلحہ ساز کارخانے بڑھائے جا رہے ہیں۔

لاہور ۷ فروری۔ آج وزیر اعظم پنجاب اور دوسرے وزراء نے گورنر پنجاب کے اعزاز میں ایک گارڈن پارٹی دی۔ سر ہنری کریک چالیس سال قبل ہندوستان آئے تھے۔ اور یہ پارٹی اسی تقریب کی خوشی میں تھی۔ آپ کو ایک نقرئی تھالی بھی پیش کی گئی

پشاور ۷ فروری۔ علاقہ وزیرستان کے ہیڈ کوارٹرز اب ڈیرہ اسمٰعیل خان سے بنوں تبدیل کر دیئے گئے ہیں۔

لنڈن ۷ فروری۔ محکمہ بحریہ نے اعلان کیا ہے۔ کہ ۳۱ جنوری ۱۹۴۰ء تک اتحادی بدرقہ کی حفاظت میں غیر جانبدار ممالک کے ۴۰۰۰ جہازوں نے سفر کیا اور ان میں سے صرف ایک غرق ہوا۔

گذشتہ شب اسٹونیا کا ایک چھوٹا سا جہاز مشرقی ساحل کے قریب ایک سرنگ سے ٹکرا کر غرق ہو گیا۔ سات جہازی آج بندرگاہ پر پہنچ گئے۔ باقی انیس کی تلاش کی جا رہی ہے

جرمن ریڈیو سے اعلان کیا گیا ہے کہ سرحدی ریلوے کے متعلق جرمنی اور روس میں ایک معاہدہ طے پایا ہے جس کے رو سے دونو ملکوں کے لئے ایک دوسرے نے محصول کے سپیشل نرخ مقرر کر دیئے ہیں۔

دہلی ۷ فروری۔ حکومت ہند نے اعلان کیا ہے۔ کہ جو پاسپورٹ ۱۲ جنوری سے قبل دئیے جا چکے ہیں۔ وہ منسوخ کر دئیے گئے ہیں۔ ان پر سفر کرنے سے قبل ضروری ہے کہ ان کی تجدید کرا لی جائے

لنڈن ۷ فروری۔ بیان کیا جاتا ہے۔ کہ مارشل گوئرنگ نے صلح کے یہ نکات تجویز کئے ہیں۔ جنہیں ہٹلر نے بھی منظور کر لیا ہے۔ اول یہ کہ کوئی ملک دوسرے سے ہرجانہ کا مطالبہ نہ کرے۔ اقتصادی مسائل کانفرنس کے ذریعہ طے کئے جائیں۔ پولینڈ کا جو علاقہ جنگ سے قبل جرمنی میں شامل تھا اب پھر اسے دیدیا جائے۔ آسٹریا میں اتحادیوں کے زیر نگرانی رائے عامہ کا استصواب کر لیا جائے۔ چیکوسلواکیہ اور پولینڈ کے باقی علاقوں کا تصفیہ کرنے کے لئے ایک مشترکہ کمیشن مقرر کیا جائے سوڈیٹن لینڈ جرمنی کے قبضہ میں رہنے دیا جائے

دہلی ۷ فروری۔ آج مرکزی اسمبلی میں ایک مسودہ قانون پیش ہوا۔ کہ اخبار نویسوں کے لئے قابلیت کا ایک معیار مقرر کر دیا جائے۔ کیونکہ اس وقت بعض ناپسندیدہ لوگ اخبار نویسی کر رہے ہیں۔ اس بل کی شدید مخالفت کی گئی۔ ایک ممبر نے کہا۔ کہ اگر اخبار نویسی کے لئے کوئی امتحان پاس کرنا ضروری قرار دیا جائے۔ تو اسمبلی کی ممبری کے لئے بھی کوئی معیار مقرر کرنا پڑیگا

لنڈن ۷ فروری۔ انگلستان کی امارت بحریہ نے اعلان کیا ہے کہ اس سال سرکاری بحری ملازمت میں مزید ڈیڑھ لاکھ سپاہی اور افسر بھرتی کئے جائیں گے اس وقت دنیا کے تمام سمندروں میں برطانیہ کے جہاز موجود ہیں۔

ماسکو ۷ فروری۔ سوویٹ گورنمنٹ نے اعلان کیا ہے۔ کہ مونچوکو کی سرحد کے متعلق تصفیہ کرنے کے لئے جو کمیشن مقرر ہوا تھا۔ وہ ناکام رہا ہے۔ اور دونو ملکوں میں مصالحت نہیں ہو سکی۔ روس نے مونچوکو کی سرحد پر قلعوں کی تعمیر کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ اور ولاڈی واسٹک کی بندرگاہ بحری مستقر بنایا جا رہا ہے

پیرس ۷ فروری۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ یکم ستمبر ۱۹۳۹ء سے اس وقت تک نازی پولینڈ میں ۳۰ لاکھ پولوں کو قتل کر چکے ہیں۔

روم ۷ فروری۔ ماسکو ریڈیو سے اعلان کیا گیا ہے کہ سوویٹ ہائی کمانڈ نے ان سپاہیوں اور افسروں کو دوبارہ حاضر ہونے کا حکم دیا ہے۔ جو ۱۹۲۱-۲۰ء میں ریٹائر ہو گئے تھے۔

نیویارک ۷ فروری۔ حکومت امریکہ نے ۶ لاکھ پونڈ کی رقم اس غرض کے لئے منظور کی ہے۔ کہ امریکہ میں جاسوسوں کی سرگرمیوں کا انسداد اور انقلابی سازشوں کا سراغ لگایا جا سکے۔

بمبئی ۷ فروری۔ یہاں دودھ کی تجارت کرنے والوں نے حکومت کو درخواست دی ہے کہ غیر ملکی مصنوعی دودھ کی درآمد پر محصول لگا دیا جائے۔

پیرس ۷ فروری۔ فرانسیسی امیر البحر نے اعلان کیا ہے کہ آغاز جنگ کے وقت جرمنی کے پاس کل ۵۵ آبدوزیں تھیں جن میں سے چالیس اس وقت تک غرق کی جا چکی ہیں۔

کراچی ۷ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ کانگرس اور مسلم لیگ پارٹیوں نے فیصلہ کیا ہے۔ کہ ہند و پارٹی اللہ بخش وزارت کے خلاف عدم اعتماد کی جو تحریک پیش کرے گی اس میں اس کا ساتھ دیں گی۔ گویا اس وزارت کا ٹوٹ جانا اب یقینی ہو گیا ہے

لنڈن ۷ فروری۔ آج برطانیہ کا جہاز "منٹر" ایک دھماکہ کے ساتھ ڈوب گیا۔ تمام ملاح بچا لئے گئے۔

اٹلی میں دھاتوں کی قلت بشدت محسوس کی جا رہی ہے۔ تانبے کی پلیٹوں اور کھلونوں پر نقاشی کی ممانعت کر دی گئی ہے۔ روم کے عجائب گھر میں تانبے کی ۲۴ ہزار پلیٹیں تھیں۔ انہیں بھی جنگی اغراض کے لئے استعمال کیا جائے گا۔

ماسکو ۷ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ چونکہ فن لینڈ پر حملہ میں کامیابی نہیں ہو سکی۔ اس لئے موجودہ وزیر اعظم مولوٹاف اپنے ساتھیوں سمیت مستعفی ہو رہا ہے۔ حکومت اپنی پالیسی تبدیل کر رہی ہے۔ اور لٹونیاف کو دوبارہ وزیر اعظم بنایا جائے گا۔

دہلی ۷ فروری۔ ۱۹۴۱ء میں جو مردم شماری ہو رہی ہے۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ اس پر حکومت کا پچاس لاکھ روپیہ صرف ہو گا۔ صرف لوگوں کو شمار کرنے پر ½۱۲ لاکھ روپیہ خرچ آئے گا۔

اوکاڑہ ۷ فروری۔ گندم ڈڑہ ۳/۴/۶ عمدہ ۵۹۱ -/۶/۷ /۳ بنولہ ۳/۶/۲ لائل پوری گندم عمدہ ۵۹۱ /۶/۵/۳ ڈڑہ -/۳/۳/۳ قدیمہ -/۲/۵ کھانڈ ½۳ من کی بوری -/۴/۲۲ کپاس دیسی -/۸/۶ تیل توریہ -/۱۲/۱۰ گھی خالص -/-/۴۲ امرت سر میں سونا -/۵/۳۴ چاندی -/۱۲/۵۶ پونڈ -/۳/۲۷

ہیلسنگی ۷ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ خاکنانے کریلیا میں روسی تازہ فوج کا ایک اور ڈویژن لے آئے ہیں فنی سپاہی اب بھی قدم قدم پر زبردست مدافعت کر رہے ہیں۔ اور غیر معمولی قوت مدافعت کا اظہار کر رہے ہیں۔

لنڈن ۷ فروری۔ آئرش ری پبلکن آرمی کے دو آدمیوں کو جن کے خلاف بم پھینکے اور قتل عمد کے الزام میں مقدمہ تھا۔ عدالت کے حکم سے آج سزائے موت دے دی گئی۔

وزیر بحریہ نے اعلان کیا ہے۔ کہ سمندر میں روشنی دکھانے کے لئے جو جہاز متعین ہوتے ہیں۔ بین الاقوامی قوانین کے رو سے ان پر حملہ کرنا درست نہیں۔ مگر جرمنی نے اس قانون کو توڑنے سے انکار کر دیا ہے اس لئے اب ان جہازوں کی حفاظت کے لئے بھی جنگی جہاز متعین کرنے پڑیں گے

لنڈن ۷ فروری۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ اتوار کی شب کو ختم ہونے والے ہفتہ میں برطانیہ کے آٹھ جہاز جن کا مجموعی وزن ۲۵ ہزار ٹن ہے غرق ہو گئے۔ غیر جانبدار ممالک کے ۹ جہاز جن کا وزن ۲۳ ہزار ٹن ہے [illegible]

زیادہ سے زیادہ زرعی پیداوار کیلئے دلچسپ تجربے

چاند کی ابتدائی تاریخوں میں یعنی چاند کی چودھویں تاریخ سے پہلے پہلے بیج بونے کے مسئلے پر سارے انگلستان کے دیہات اور شہروں میں بحث نے انتہائی دلچسپی اختیار کرلی ہے۔ اس بحث میں ماہرین زراعت وفلاحت اور ماہرین فلکیات کے علاوہ ماہرین سائنس بھی حصہ لے رہے ہیں۔ اور جو بات قیاس کی صورت میں شروع ہوئی تھی۔ اس نے اچھی خاصی سائنٹیفک صورت اختیار کرلی ہے۔ اس سلسلے کی ابتدا جیسا کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے۔ جنگ کے آغاز پر ہوئی تھی۔ جب یہ سوال پیدا ہوا تھا۔ کہ فوجی اور گھریلو ضروریات کو پورا کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ فصل اور دیگر زرعی پیداوار سبزیاں۔ ترکاریاں وغیرہ کس طرح پیدا کی جاسکتی ہیں۔ اس وقت ایک شخص نے اپنے تجربات کی بنا پر لکھا تھا۔ کہ اگر فصل چاند کی ابتدائی تاریخوں میں بوئی جائے۔ تو پیداوار معمولی حالات کی نسبت دگنی ہوتی ہے۔ اس قیاس کا تجربہ اس بحث کی بنا پر ان اراضی میں شروع کردیا گیا۔ جو سبزیاں اور ترکاریاں پیدا کرنے کے لئے دیہات میں شہریوں کو دی گئی ہیں۔

اس بحث کا نتیجہ یہ ہوا ہے۔ کہ ماہرین زراعت میں دو مختلف راؤں کے دو طبقے بن گئے۔ ایک طبقہ کا خیال ہے۔ کہ جو سبزیاں زمین کے اوپر ہوتی ہیں۔ مثلاً ٹماٹر۔ مٹر۔ دالیں غلہ۔ گوبھی وغیرہ۔ ان کے بیج چاند کی چودھویں تاریخ سے دو روز قبل بوئے جائیں۔ تو مناسب ہے۔ اور زیر زمین سبزیوں کے بیج چاند کے آخری ایام میں بونے سے فائدہ رہتا ہے۔ دوسرا طبقہ یہ کہتا ہے۔ کہ پورے چاند سے چند روز قبل تمام سبزیوں اور فصلوں کے بیج بوئے جائیں۔ تو زیادہ مفید ہے۔

سائنس دان اور ماہرین فلکیات آخری رائے کی تائید کرتے ہیں۔ اور اپنی اس تائید کے لئے یہ وجہ پیش کرتے ہیں۔ کہ جس طرح چاند سمندروں کا پانی اپنی طرف کھینچتا ہے۔ اور اس کشش کے باعث سمندروں میں جوار بھاٹا آتا ہے۔ اسی طرح چاند کی یہ کشش زیر زمین پانی کو بھی اپنی طرف کھینچتی اور سطح زمین کے قریب لاتی ہے۔ اس کشش سے زیر زمین پانی اس قدر گہرائی سے اوپر آجاتا ہے۔ جہاں تک فصلوں اور پودوں کی جڑیں نہیں پہنچ سکتیں مگر یہ نمی بیجوں کی نشوونما کے لئے نہایت مفید ہوتی ہے۔

سائنس دانوں نے ایک نظریہ اور بھی پیش کیا ہے۔ ان کا بیان ہے۔ کہ چاند کی کشش کی طرح چاند کی شعاعیں بھی بیجوں کے لئے نہایت عمدہ اثر رکھتی ہیں۔ نیز چاند کی چاندنی بعض کیمیائی اشیاء کو شکر بنا دیتی ہے۔ اور شکر نشوونما کے لئے نہایت بیش قیمت شے ہے +

جے۔ وی پاس دوستوں کیلئے قیمتی موقعہ

ایک پبلک پرائمری سکول میں ایک جے۔ وی پاس مدرس کی ضرورت ہے۔ تنخواہ مبلغ ۲۰/۰ روپے ماہوار دی جائے گی۔ خواہشمند احباب درخواستیں فوری طور پر نظارت ہذا میں ارسال فرمائیں۔

ناظر امور خارجہ

ضروری اعلان

مسمّی محمد حنیف صاحب ساکن گوجرانوالہ کے متعلق معلوم ہوا ہے۔ کہ ان کی دینی حالت کمزور ہے۔ اور وہ مالی تنگی کے باعث گاہے گاہے پیغامیوں اور احرار سے امداد حاصل کرتے رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ بعض اور اخلاقی کمزوریاں بھی ان میں ہیں۔ اس لئے احباب جماعت ان سے ہوشیار رہیں۔

ناظر امور عامہ

مدینۃ المسیح

قادیان ۱۰ ماہ تبلیغ ۱۳۱۹ ہش۔ حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ تمام خاندان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام میں خیریت ہے۔ الحمد للہ ؛

حضرت مولوی شیر علی صاحب چونکہ صحت یاب ہو گئے ہیں۔ اس لئے مسجد مبارک میں نماز پڑھاتے ہیں ؛

جناب چودھری فتح محمد صاحب سیال ایم۔ اے ناظر اعلیٰ رخصت ختم ہونے پر تشریف لے آئے ہیں ؛

مختلف محلوں میں اسمبلی کے مرد و عورت ووٹروں کی فہرستیں نظارت امور عامہ کے زیر انتظام بننی شروع ہو گئی ہیں ؛

خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ کی روز افزوں ترقی

نو مبایعین بلادِ عربیہ

حسب ذیل اصحاب حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ہاتھ پر بیعت کر کے داخل احمدیت ہوئے ؛

۷۱۹	السید ابراہیم حسین احمد المحترم	فلسطین
۷۲۰	" محمد عفیفی محمد "	"
۷۲۱	" محمد عفیفی الصغیر "	"
۷۲۲	" محمد محمد عبداللہ "	"
۷۲۳	السیدہ وداد الارفعی المحترمہ	"
۷۲۴	السید محمد فوزی المحترم	الشام
۷۲۵	" عبد اللطیف السانی "	"
۷۲۶	" ہشام غزی "	"

اخبار احمدیہ

درخواست ہائے دعا { چودھری سلطان علی صاحب ساکن پھیرو چیچی جو کچھ عرصہ سے بیمار ہیں صحت یابی کے لئے (۲) مسمی سادو صاحب ساکن رام گڑھ مقدمہ میں کامیابی کے لئے (۳) بابو فقیر محمد صاحب بی۔ اے پوسٹل کلرک امرتسر اپنی اہلیہ صاحبہ کی صحت کے لئے درخواست دعا کرتے ہیں۔

ولادت { (۱) ۲۷ جنوری ڈاکٹر عبد الحکیم صاحب سب اسسٹنٹ سرجن راولپنڈی کے ہاں لڑکا تولد ہوا۔ جس کا نام عارف حکیم تجویز کیا گیا۔ (۲) مرزا احمد خان صاحب سروے آف انڈیا کے ہاں ۳۰ جنوری کو لڑکا تولد ہوا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے محمد لطیف نام تجویز فرمایا (۳) چودھری منظور احمد صاحب ثاقب محلہ دار الرحمت کے ہاں ۸ فروری کو لڑکا تولد ہوا اللہ تعالیٰ مبارک کرے۔

دعائے مغفرت { شیخ محمد حسین صاحب قانونگو پنشنر کی ہمشیرہ غلام فاطمہ صاحبہ کچھ عرصہ بیمار رہ کر ۸ جنوری کو فوت ہو گئی ہیں انا للہ وانا الیہ راجعون

دعائے مغفرت کی جائے

تحریک جدید کی قربانیوں میں پانچ سالہ حصہ لینے والوں کی فہرست

خدا تعالیٰ کے فضل و رحم سے جو لوگ تحریک جدید کی مالی قربانیوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ وہ مبارک لوگ ہیں۔ جو سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پانچ ہزار والی پیشگوئی کے پورا کرنے میں شامل ہیں۔ بفضل خدا تحریک جدید کے پانچ سال پورے ہو چکے ہیں۔ اور اب چھٹا سال جا رہا ہے۔ جلسہ سالانہ پر اکثر احباب نے اپنا پانچ سالہ حساب دیکھا۔ اور اطمینان کیا۔ مگر بہت سے احباب نے زور دیا۔ کہ تحریک جدید کی قربانیوں کی پانچ سالہ فہرست جلد شائع ہونی چاہیئے۔ حتیٰ کہ آنریبل چوہدری سر محمد ظفر اللہ خان صاحب نے اپنا حساب دیکھ کر فرمایا کہ حساب تو درست ہے۔ مگر نام شائع نہیں ہوئے۔ جلسہ کے بعد بعض احباب نے خطوط میں بھی اشاعت فہرست کا مطالبہ کیا ہے۔ لوگ مرکز کی یہی خواہش ہے۔ کہ تحریک جدید کی قربانیوں میں پانچ سالہ حصہ لینے والوں کی فہرست جلد سے جلد شائع ہو۔ چنانچہ اس اخبار میں دوسری جگہ تحریک جدید کی نویں قسط شائع کی جا رہی ہے۔ اس موقعہ پر تین باتوں کا اظہار ضروری ہے تا تحریک جدید کی قربانیوں میں حصہ لینے والے اللہ تعالیٰ کے حضور زیادہ ثواب کے مستحق ہوں ؛

(۱) اس فہرست میں ان احباب کے نام ہیں جو پانچ سال سو فی صدی وعدے پورے کر چکے ہیں۔ مگر جن احباب کا پانچویں سال کا وعدہ قابل ادا ہے۔ یا پانچواں تو ادا ہو چکا ہے۔ مگر گزشتہ چار سالوں میں سے ایک آدھ سال باقی ہے۔ خواہ وعدہ کر کے ادا نہیں کر سکے۔ یا معافی لے لی تھی۔ یا وعدہ نہیں کیا ان کے نام نہیں۔ ایسے احباب کو چاہیئے کہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پانچ ہزار والی فوج میں داخل ہونے کے لئے وہ اپنے خالی سال کا چندہ اب داخل کر دیں۔ تا ان کا نام بھی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس رجسٹر میں لکھا جائے۔ اور پانچ سالہ فہرست میں شائع ہو جائے۔

(۲) یہ بارہا وضاحت ہو چکی ہے۔ کہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پانچ ہزار سپاہیوں والی پیشگوئی کے پورا کرنے والے حقیقی طور پر الہٰی فوج کے سپاہی وہی کہلا سکتے ہیں جو دس سال حصہ لیتے رہیں گے۔ اس لئے جن لوگوں نے سابق میں تو معافی لے لی تھی۔ وہ اگر کامل سپاہیوں میں شامل ہونا چاہتے ہوں تو انہیں گزشتہ رقوم بھی ادا کرنی چاہئیں پس جنہوں نے کسی سابق سال کا چندہ نہیں دیا یا معافی لے لی تھی۔ مگر وہ اب دس سالہ سکیم میں شامل ہونے کی تڑپ رکھتے ہیں۔ انہیں اب گزشتہ کی تلافی کر لینی چاہیئے۔ ہاں ان کی سابقہ رقوم کی ادائیگی کے لئے دفتر فنانشل سیکرٹری تحریک جدید سے مناسب سہولت لے سکتے ہیں۔ جس کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت کر لیا جائے۔

(۳) احباب بھول نہ جائیں کہ تحریک جدید کا اب چھٹا سال شروع ہے۔ وہ جو پانچوں سال پورے کر چکے ہیں۔ وہ جنہوں نے پانچویں سال سے حصہ لینا شروع کیا ہے۔ وہ جو نئے احمدی ہیں۔ وہ جو پہلے طالب علم تھے وہ جنہوں نے تحریک جدید کی اہمیت کو پہلے نہیں سمجھا تھا۔ وہ جنہیں تحریک جدید کا علم نہیں ہوا۔ اور وہ جو پہلے کلی طور پر نادار تھے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اب ان کے لئے سامان کر دیا ہے۔ انہیں چاہیئے کہ حسب توفیق تحریک جدید کے جہاد کبیر میں حصہ لیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وارث ہوں ؛

یاد رہے وعدوں کی آخری تاریخ ۱۵ فروری ہے فہرست ۳۱ جولائی تک پہلے شائع ہو چکی ہے۔ اب نویں قسط سے وعدہ پورا کرنے والوں کے نام شائع کرنے شروع کئے جا رہے ہیں۔ اخبار کی گنجائش کے مطابق انشاء اللہ تعالیٰ

شیخ مصری صاحب کے رسالہ "ذریت مبشرہ" کا جواب

حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر شیخ مصری کا بدترین حملہ

بدگمانی نے تمہیں مجنون و اندھا کر دیا
ورنہ تھے میری صداقت پر براہین بے شمار

(حضرت مسیح موعودؑ)

۳

مشہور مثل ہے "ڈوبتے کو تنکے کا سہارا"۔ شیخ مصری صاحب جب سے غیر مبایعین کے "استاد" بنے ہیں۔ انہیں حقائق کو مسخ کرنے کی عادت ہو گئی ہے۔ ان کی ساری بنیاد بدظنی۔ بدگمانی اور عداوتِ حضرت محمود ایدہ الودود پر ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مبشر اولاد کا مسئلہ کتنا واضح ہے مگر مصری صاحب اپنے اوہام کی بنا پر اسے بھی پیچیدہ بنانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں:۔

شیخ مصری صاحب لکھتے ہیں:۔

"ماحصل اس سارے کلام کا یہ ہے کہ قرآن کریم میں جو بشارات درج ہیں ان سب میں مبشر اولاد کے پاک اور صالح ہونے کا کھلے الفاظ میں ذکر موجود ہے۔ اور حضرت اقدس کے الہامات میں بھی ان لڑکوں کی بشارات میں تو جنہوں نے یا تو پیدا ہو کر چھوٹی عمر میں ہی فوت ہو جانا تھا۔ اور یا حضور کی زندگی میں پیدا ہی نہیں ہونا تھا یہ موجود ہے۔ کہ وہ پاک اور صالح ہوں گے۔ لیکن ان لڑکوں کی بشارات میں جنہوں نے زندہ رہنا تھا۔ ان کے پاک اور صالح ہونے پر دلالت کرنے والا ایک لفظ بھی نہیں!"

(ذریت مبشرہ صفحہ ۲۸)

یہ سوال کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی موجودہ اولاد کے لئے الہامات میں پاک اور صالح کے الفاظ آئے ہیں یا نہیں۔ نیز یہ کہ "بشارات" میں ایسے الفاظ کا آنا ضروری بھی ہے۔ یا نہیں آئندہ زیر بحث آئے گا۔ ہاں مصری صاحب کے اس اقتباس سے ان کا جدید مذہب یہ معلوم ہوا۔ کہ:۔

۱۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جو اولاد آپ کے سامنے پیدا ہو کر صغرسنی میں فوت ہو گئی۔ وہ نیک۔ اور پاک تھی:۔

۲۔ حضور علیہ السلام کی جو اولاد یعنی نسل آپ کی وفات کے بعد پیدا ہو گی وہ بھی نیک اور پاک ہو گی:۔

۳۔ مگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی وہ اولاد جو آپ کی زندگی میں پیدا ہوئی۔ حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا کی گود میں پلی۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تربیت میں رہ کر جوان ہوئی۔ اور حضور علیہ السلام ہر آن جن کے لئے بارگاہِ عزت میں دست بدعا رہتے تھے۔ وہ نعوذ باللہ ناپاک اور غیر صالح ہے:۔

کس قدر تقویٰ سے دور یہ خیال ہے۔ کس قدر ناپاک یہ نظریہ ہے۔ مگر مصری صاحب کی موجودہ طبیعت اسے ایجاد کر رہی ہے اور اس طرح حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر وہ بدترین حملہ کر رہے ہیں۔ بچپن میں فوت ہو جانے والے بچے اگر نیک تھے۔ یا آئندہ کبھی پیدا ہونے والے بچے اگر نیک ہوں گے۔ تو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تربیت کا اس میں کیا دخل؟ حضور علیہ السلام کی قوتِ قدسیہ کا اثر تو اسی اولاد کے صالح اور پاک ہونے سے ظاہر ہو سکتا ہے۔ جو حضور کے زیر تربیت رہ کر بڑھی مگر مصری صاحب اسی کا انکار کر رہے ہیں۔ اور پھر دعوے یہ ہے کہ ہم مسیح موعود کو مانتے ہیں۔ چمن احمد کے وہ نونہال جنہیں دیکھ کر خدا کا برگزیدہ مسیح باغ باغ ہو جاتا ہے۔ اس کی روح آستانۂ الوہیت پر جھک جاتی ہے اور اس کے دل کی گہرائیوں سے یہ صدا بلند ہوتی ہے۔ الحمد للہ الذی وھب لی علی الکبر اربعة من البنین وانجز وعدہ من الاحسان۔ (تذکرہ صفحہ ۴۳۲)

آہ۔ آج وہی مقدس اور بابرکت اولاد مصری صاحب اور ان کے "شاگردوں" کے نزدیک نعوذ باللہ ناپاک ہے۔ غیر صالح ہے۔ کبرت کلمة تخرج من افواھھم ان یقولون الا کذبا۔

مصری صاحب کہتے ہیں۔ کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے "لڑکوں کی بشارات" میں ان کے پاک اور صالح ہونے پر دلالت کرنے والا کوئی لفظ نہیں۔ مگر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں۔

"خدا نے نیک اور بابرکت اولاد کا وعدہ دیا۔ اور پورا کیا؟" (سراج منیر صفحہ ۶۴)

کیا مصری صاحب یا غیر مبایعین امید رکھتے ہیں۔ کہ جماعت احمدیہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے قول کے مقابلہ میں ان کے قول کو پرکاہ کے برابر بھی وقعت دیگی؟ ہرگز نہیں ہم کہتے ہیں کہ وہ آنکھ اندھی ہے۔ اس پر تعصب کی پٹی بندھی ہے جسے ان "بشارات" میں "نیک اور بابرکت اولاد" کا ذکر نظر نہیں آتا۔ خدا کا مسیح سچا ہے۔ اس کے خلاف کہنے والے جھوٹے اور دروغگو:۔

حدیث نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام
کا
صحیح مطلب و مفہوم

(۱)

کتب احادیث میں ایک حدیث ہے جس کی بناء پر غیر احمدی حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے آسمان سے اترنے کا دعوےٰ کرتے۔ اور ان کے متعلق عجیب غریب اعتقاد رکھتے ہیں۔ ذیل میں اس حدیث کا صحیح مطلب اور مفہوم پیش کیا جاتا ہے۔ حدیث یہ ہے۔

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکماً عدلاً فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیۃ ولیفیض المال حتی لایقبلہ احدٌ۔

بخاری کی ایک دوسری حدیث میں کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم وامامکم منکم آیا ہے۔ اس حدیث کے الفاظ کا صحیح مطلب اور مفہوم ذہن نشین کرنے کے لئے ان کے الگ الگ معنی بیان کئے جاتے ہیں۔

کیف انتم:۔ اسکے دو معنی ہوسکتے ہیں۔ ایک یہ کہ تمہارا کیا حال ہوگا یعنی تمہاری اچھی حالت ہوگی۔ دوسرے یہ کہ تمہاری بری حالت ہوگی۔ اور تمہارے لئے بدقسمتی کا زمانہ ہوگا۔ چونکہ اس حدیث میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی آمد کی بشارت کے سبب اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کامیابیوں کا ذکر ہے۔ اس لئے ان قرائن سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ کیف انتم سے مراد ان لوگوں کی اچھی حالت کا اظہار ہے۔ جو ان کو قبول کرکے خدمت دین میں حصہ لیں گے۔ اور جو اپنے اوہام باطلہ میں الجھ کر انکار کریں گے۔ ان کی بُری حالت کا ذکر ہے

اذا نزل:۔ اس کے لفظی معنی یہ ہیں کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام اتریں گے در اصل یہی وہ الفاظ ہیں جن سے غلطی کھاکر عام مسلمان حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے آسمان سے اترنے کے قائل ہیں۔ حالانکہ حدیث میں آسمان کا لفظ قطعاً نہیں۔ اور لفظ نزول ہمیشہ جسمانی طور پر اترنے کے معنوں میں نہیں آتا۔ بلکہ جو چیز اللہ تعالےٰ کا عطیہ ہو۔ اس کے لئے بھی لفظ نزول استعمال ہوتا ہے۔ چونکہ اللہ تعالےٰ کے لئے جہت علو ہے۔ اس واسطے جو چیز اللہ تعالےٰ عنائت کرے۔ اس کو اترنے کے لفظ سے تعبیر کیا جاسکتا ہے۔ اور قرآن مجید میں اس کی مثالیں موجود ہیں۔ مثلاً فرمایا انزلنا الحدید (حدید ع ۳) کہ ہم نے لوہا اتارا۔ حالانکہ لوہا آسمان سے نہیں اترتا۔ بلکہ کانوں میں سے نکالا جاتا ہے۔ پھر خدا تعالےٰ فرماتا ہے قد انزلنا علیکم لباساً (اعراف ع ۳) کہ ہم نے تمہارے لئے لباس اتارا۔ مگر کیا ہم جو لباس پہنتے ہیں وہ سلا سلایا اور تیار شدہ آسمان سے اترا کرتا ہے۔ یا کپڑوں کے بندھے بندھائے تھان آسمان سے گرتے ہیں۔ قطعاً نہیں پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق فرمایا۔ الذین اٰمنوا قد انزل اللّٰہ الیکم ذکراً رسولاً (طلاق ع ۲) کہ اے ایمان والو اللہ نے اتارا ہے تمہاری طرف نصیحت کرنے والا رسول (صلے اللہ علیہ وسلم) حالانکہ کسی ایک مسلمان کا بھی یہ عقیدہ نہیں۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم آسمان سے اترے تھے۔

پس حدیث کے الفاظ اذا نزل کے یہ معنی نہیں۔ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر جسم عنصری کے ساتھ بیٹھے ہیں۔ اور وہاں سے اتار کر بھیجے جائینگے بلکہ یہ ہیں کہ آنے والے کو خدا تعالےٰ بھیجے گا۔ اور وہ خدا تعالےٰ کی طرف سے مامور و مرسل ہوگا۔

ابن مریم:۔ اس لفظ سے بھی غیر احمدیوں نے بڑا دھوکا کھایا ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو بنی اسرائیل کے نبی تھے۔ وہی دوبارہ آئیں گے۔ ان کا استدلال یہ ہے۔ کہ حدیث میں ابن مریم آیا ہے نہ کہ کابن مریم اور چونکہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی علیہ الصلوٰۃ والسلام ابن مریم نہیں ہیں۔ اس لئے آپ اس پیشگوئی کے مصداق نہیں ہوسکتے ۔

ہمارا جواب یہ ہے کہ قرآن مجید احادیث اور زبان عربی کا یہ محاورہ ہے۔ کہ ایک علم استعمال کرکے یا ایک شخص کا ذکر کرکے مراد اس کا مثیل لیا جاتا ہے۔ مثلاً صحیح بخاری جلد اول باب بدء الوحی میں آتا ہے کہ جب ہرقل شاہ روم کے دربار میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور مسلمانوں کے متعلق سوالات کے جواب دے کر ابوسفیان اپنے ساتھیوں سمیت دربار سے باہر آیا تو اس نے اپنے ہمراہیوں سے کہا۔ لقد امر امر ابن ابی کبشۃ یخافہ ملک بنی الاصفر۔ یعنی ابن ابی کبشہ کا معاملہ بہت طول پکڑ گیا ہے۔ یہاں تک کہ شاہ روم بھی اس سے ڈرتا ہے۔ یہاں ابن ابی کبشہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو کہا گیا۔ چنانچہ شارح حدیث اس کی وجوہ میں سے ایک یہ لکھتے ہیں۔ کہ ھو رجل من خزاعۃ اسمہ وجز بن عامر بن غالب خالف قریشا فی عبادۃ الاوثان ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فنسبوہ الیہ للاشتراک فی مطلق المخالفۃ ۔ (عون الباری شرح بخاری جلد اول ص۱۴۱)

یعنی ابن ابی کبشہ سے جو خزاعہ قبیلہ سے تھا۔ اور جس کا نام وجز بن عامر بن غالب تھا۔ چونکہ اس نے بت پرستی میں قریش کی مخالفت کی تھی۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بھی بُت پرستی کے سخت خلاف تھے۔ ان کی اس مماثلت کی وجہ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ابن ابی کبشہ کہا گیا۔

اس سے ظاہر ہے کہ عربی زبان میں بوجہ مماثلت ایک کا نام دوسرے کو دے دیا جاتا ہے۔ اور حرف تشبیہ گرا دیا جاتا ہے۔ ایسا ہی یہ مشہور مثال ہے۔ کہ ابو یوسف ابی حنیفہ یعنی امام ابو یوسفؒ امام ابو حنیفہؒ ہیں۔ مراد یہ کہ امام ابو حنیفہؒ کی طرح ہیں۔ یعنی ان سے غائت درجہ شابہت رکھتے ہیں۔

غرض تشبیہ میں مبالغہ کے لئے ادات تشبیہ یعنی حروف تشبیہ کو گرا دینا جائز ہے۔ جیسے بہادر کو شیر کی طرح کہنے کی بجائے شیر کہنا اور سخاوت کرنے والے کو حاتم کی طرح کہنے کی بجائے محض حاتم کہنا زیادہ بہتر ہے پھر حرف تشبیہ کو قرآن مجید میں کئی جگہ حذف کیا گیا ہے۔ مثلاً صمٌّ بکمٌ عمیٌ میں مراد بہروں کی طرح۔ گونگوں کی طرح اور اندھوں کی طرح ہے۔ سو اسی طرح اس حدیث میں ابن مریم سے مراد کابن مریم یعنی مثیل ابن مریم مراد ہے۔

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پانچ ہزاری الٰہی فوج

فہرست نمبر (۹۱)

نمبر	نام	سال اول	دوم	سوم	چہارم	پنجم
۷۳۳	بابو عطاء الرحمٰن صاحب بنوں	۵	۵/۱	۵/۲	۵/۳	۵/۴
۷۳۴	محمد افضل صاحب پنشنر بٹالہ	۳۰	۴۰	۵۰	۷۰	۷۱
۷۳۵	میاں محمد بخش صاحب ٹھیکیدار قلعہ لال سنگھ	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰
۷۳۶	میاں عبدالحق صاحب قلعہ لال سنگھ	۵	۵	۵	۵	۵
۷۳۷	" علی محمد صاحب "	۵	۵	۵	۵	۵
۷۳۸	" نور احمد صاحب "	۵	۵	۵	۵	۵
۷۳۹	" پیران بخش صاحب "	۵	۵	۵	۵	۵
۷۴۰	" عبدالعزیز صاحب "	۵	۵	۵	۵	۵
۷۴۱	چوہدری فقیر محمد صاحب دنجوال	۵	۵/۲	۵/۸	۵	۵/۱
۷۴۲	" کریم بخش صاحب اٹھوال	۵	۶	۶/۸	۵	۵/۴
۷۴۳	سنتری علم الدین صاحب لودھی ننگل	۵	۵/۸	۶	۵	۵/۱
۷۴۴	" محمد الدین صاحب "	۵	۵/۸	۶	۵	۵/۱
۷۴۵	" محمد الدین صاحب دیال گڑھ	۵	۵	۵	۵	۵/۴
۷۴۶	چوہدری حکم الدین صاحب "	۵	۵	۵	۵	۵/۴
۷۴۷	سنتری جان محمد صاحب "	۵	۵	۵	۵	۵/۶ پائی
۷۴۸	" جلال الدین صاحب "	۵	۵	۵	۵	۵/۶ پائی
۷۴۹	چوہدری مولا داد صاحب سارچور	۵	۵/۱	۵/۲	۵/۳	۲/۸
۷۵۰	میاں رحیم بخش صاحب پھیرو چیچی	۵	۶	۶	۵	۵/۱
۷۵۱	" محمد عبداللہ صاحب "	۵	۶	۶	۵	۵/۱
۷۵۲	چوہدری غلام حسین صاحب پٹھانکوٹ	۵	۵/۲	۵/۴	۵/۵	۵/۶
۷۵۳	" رحمت علی صاحب "	۱۰	۱۱	۱۱/۲	۵	۵/۲
۷۵۴	" علی اصغر صاحب "	۵	۵/۱	۵/۲	۵/۳	۵/۳
